© rasailojaraid.com



# قواعد وضوابط

## برائے مدارس ملحقہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان،

ادارہ

[وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ریکارڈ میں محفوظ دینی مدارس کے نظام زندگی، نظام تعلیم وتربیت، اساتذہ وطلبہ کے فرائض سے متعلق اکابر علماء کے مرتب کردہ قواعد وضوابط کی یہ گراں قدر سوغات پیش خدمت ہے، یہ قواعد مجلس عاملہ اور مجلس شوریٰ نے وفاق المدارس سے ملحقہ مدارس کے لئے مرتب کئے تھے، ان قواعد کی ضرورت واہمیت اور افادیت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ ان کے مرتب کرنے والوں میں استاذ العلماء حضرت مولانا خیر محمد جالندھری صاحبؒ، شیخ التفسیر مولانا شمس الحق افغانی صاحب، مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب، متکلم اسلام حضرت مولانا ادریس کاندھلوی صاحب، مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمود صاحب اور شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحب رحمہم اللہ جیسے اساطین علم شامل تھے، ان بزرگوں نے اپنے وسیع علم، عمیق مطالعہ اور طویل تجربات کی روشنی میں باہمی بحث ومباحثہ اور صلاح ومشورے کے بعد ان قواعد کو مرتب کیا، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ریکارڈ میں محفوظ اکابرِ علماء کے غیر مطبوعہ ارشادات وہدایات کو قارئین ''وفاق المدارس'' کی خدمت میں انشاء اللہ وقتاً فوقتاً پیش کیا جائے گا، زیر نظر مضمون اس کا پہلا تحفہ ہے جو ''وفاق المدارس'' کی اس اشاعت میں شامل کیا جارہا ہے، ہر ضابطہ کو اولاً متن کی صورت میں لکھا گیا اور پھر ''توضیح'' کے عنوان سے اس ضابطے کی ضرورت واہمیت اور خوبیوں کی وضاحت کی گئی ہے، یہ قواعد اگرچہ ۱۹۶۱ء اور ۱۹۶۲ء میں مرتب کئے گئے اور اب ان میں بہت سے قواعد نافذ العمل اور بعض متروک العمل ہیں، تاہم امید ہے کہ ملک میں پھیلے ہوئے ہزاروں مدارس کے ارباب نظم واہتمام ان کا بغور مطالعہ فرما کر فائدہ اٹھائیں گے۔] ———— (ادارہ)

### ۱-داخلہ

**تصدیق نامہ (سرٹیفکیٹ): تمام مدارس ملحقہ وفاق میں داخلہ اور اخراج بذریعہ تصدیق نامہ (سٹرفکیٹ) ہوگا۔**

**توضیح:** یعنی اگر کوئی طالب علم ایک وفاق سے ملحق مدرسہ کو چھوڑ کر دوسرے وفاق سے ملحق مدرسہ میں داخل



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہونا چاہتا ہے تو اس کا فرض ہے کہ وہ اپنے مدرسہ کو درخواست دے کہ میں فلاں وجوہ کی بناء پر مدرسہ چھوڑنا چاہتا ہوں، مجھے تصدیق نامہ (سرٹیفکیٹ) اور مدرسہ چھوڑنے کی اجازت دے دی جائے۔ مہتمم مدرسہ کو چاہیے کہ اختتام سال پر یعنی سالانہ امتحان کے بعد بغیر کسی وجہ کے دریافت کئے ہوئے وفاق کی جانب سے تجویز کردہ تصدیق نامہ دے دیں، لیکن اگر درمیان سال میں یعنی تعلیم شروع ہونے کے بعد مدرسہ چھوڑنا چاہتا ہے تو اس سے مدرسہ چھوڑنے کی وجوہ دریافت کریں اور اس کا تحریری بیان لے کر تصدیق نامہ کے ساتھ منسلک کر دیں، نیز دیانت داری کے ساتھ اپنی رائے بھی ثبت کر دیں، دوسرے مدرسہ والے (جس میں طالب علم داخل ہونا چاہتا ہے) اگر وہ آغاز سال میں داخل ہوتا ہے تو جس درجے کا وہ امتحان پاس کر کے آیا ہے، بغیر امتحانِ داخلہ لئے اگلے درجے میں داخل کر سکتے ہیں، بشرطیکہ طالب علم کی استعداد پر ناظم امتحان داخلہ کو اطمینان ہو ورنہ داخلے کا امتحان لے سکتے ہیں، اور اگر درمیانِ سال میں آتا ہے اور سابق مدرسہ چھوڑنے کے وجوہ معقول ہیں اور تعلیم کے تسلسل میں انقطاع نہیں واقع ہوا، تو بغیر امتحانِ داخلہ اسی درجے میں داخل کر سکتے ہیں جس میں وہ پہلے مدرسے میں پڑھ رہا تھا، لیکن اگر وجوہ کچھ معقول نہیں ہیں یا تعلیم کا سلسلہ منقطع ہو گیا ہے تو امتحانِ داخلہ لے کر جس درجے کا وہ اہل ہو، اس میں داخل کریں بشرطیکہ اس کی اخلاقی حالت پر مطمئن ہوں، غرض نہ کتابیں ناقص اور سال کی تعلیم ادھوری رہنی چاہیے اور نہ کسی بداخلاق اور بدکردار طالب علم کو داخل کرنا چاہیے۔

اگر طالب علم کسی ایسے مدرسے سے آتا ہے جو وفاق سے ملحق نہیں اور تصدیق نامے کا اس میں رواج نہیں تو بہر صورت امتحان داخلہ لے کر اور حتی الامکان عملی اور اخلاقی حالت سے مطمئن ہو کر داخل کریں۔

تنبیہ: ۱-تصدیق نامہ کی پابندی مدارسِ عربیہ میں بالکل نئی چیز ہے، لیکن غایت درجہ مفید ہے اس لئے اس کو رواج دینے کے لئے ابتداء میں مدارس کو ہر ممکن سہولت بہم پہنچانی چاہیے اور خندہ پیشانی سے تصدیق نامہ دے دینا چاہیے، اور دوسرے مدرسہ والوں کو بسہولت اسے قبول کر لینا چاہیے تاکہ طلبہ متوحش نہ ہوں۔ ۲-اگر کوئی مدرسہ تصدیق نامے سے اجتناب کرے تو طلبہ صدر وفاق سے اپیل کریں۔

## ۲-ایام داخلہ

**تمام مدارس ملحقہ وفاق میں ۶ تا ۲۰ شوال داخلہ ہوتا رہے گا مگر ۱۵ شوال سے تعلیم شروع ہو جائے گی الا یہ کہ کوئی مدرسہ داخلہ کا انتظام اس سے قبل کر سکے۔**

**توضیح:** مدارس عربیہ میں ایک مضرت رساں رسم یہ جاری ہو گئی ہے کہ داخلہ سارا سال کھلا رہتا ہے اور طلبہ


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

درمیانِ سال میں بھی آتے اور داخل ہوتے رہتے ہیں، ظاہر ہے ایسے طلبہ کی کتابیں ناقص اور تعلیم ادھوری رہتی ہے اگرچہ سالانہ امتحان میں پاس بھی ہو جائیں۔ وفاق نے اسی رسمِ بد کو مٹانے کے لئے عربی مدارس میں داخلہ کا زمانہ محدود و متعین کیا ہے مگر یہ مقصد اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا، جب تک کہ مدارس ملحقہ تکثیر سواد اور تعداد طلبہ کی پرواہ کئے بغیر سختی کے ساتھ اس کی پابندی نہ کریں۔ طلبہ چونکہ اسی رسمِ بد کے عادی ہیں، سال دو سال یقیناً حسبِ عادت بعد میں آتے رہیں گے اور منتظمین کا دل ان کو واپس کرتے ہوئے ٹوٹے گا، لیکن یہی آزمائش کا مرحلہ ہے۔ اگر مدارس ملحقہ سختی کے ساتھ اس پابندی پر قائم رہے تو انشاء اللہ بہت جلد طلبہ عادی ہو جائیں گے اور مطلوبہ کثرت سواد ہر مدرسہ کو حسبِ حیثیت حاصل ہو جائے گی۔ بالفعل طلبہ کو متنبہ کرنے کے لئے مذکورہ ذیل تدابیر اختیار کی جائیں:

الف- وفاق خود اوائل شوال میں زیادہ سے زیادہ اخبارات و رسائل میں اس کی اشاعت مختلف عنوانات سے کرے گا۔

ب- ہر مدرسہ کے منتظمین مدرسہ کھلنے سے پہلے جلی قلم سے لکھے ہوئے اعلانات مدرسہ میں چسپاں کرا دیں۔

ج- اپنے علاقے کے اخبارات و رسائل میں اپنے مدرسے کے نام سے داخلے کی تاریخوں کا اعلان کریں، نیز یہ کہ ان تاریخوں کے بعد داخلہ نہ ہوگا۔

**تنبیہ:** بعض ناگزیر حالات و اسباب ایسے آجاتے ہیں کہ طالب علم کوشش کے باوجود وقت پر نہیں پہنچ پاتا، اس کے کانوں تک یہ نیا قاعدہ نہیں پہنچتا اور وہ بعد میں آتا ہے ایسی صورت میں مناسب تنبیہ کے بعد تسامح سے کام لیں، غرض اس رسمِ بد کو مٹانا جس قدر تدبیر سے بھی ممکن ہو، ہم سب کا فرض ہے۔

## ۳- امتحان داخلہ

**درس نظامی کے ہر درجہ میں داخلہ بذریعہ امتحان ہوگا اور اس طالب کو علم داخل کیا جائے گا جو اردو، فارسی یا عربی میں سے کسی ایک زبان میں امتحان دے سکتا ہو اور خود لکھ سکتا ہو، اور جو طالب علم پڑھنے کی استطاعت رکھتا ہو مگر لکھنا نہ جانتا ہو تو مدرسہ کو اگر اطمینان ہو جائے کہ وہ سال پورا ہونے تک اس قابل ہو جائے گا کہ عربی، اردو یا فارسی میں کماحقہ اظہار مافی الضمیر (بصورت تحریر) کر سکے تو نصاب کے مقرر کردہ درجات میں (وہ جس درجہ کے قابل ہو) اس کو داخلہ مل جائے گا۔**

**توضیح:** (الف) بدقسمتی سے مدارس عربیہ کے موجودہ طلبہ عموماً صرف پڑھنے ہی سے سروکار رکھتے ہیں،


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لکھنے سے انہیں کوئی واسطہ نہیں ہوتا اور اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ میزان سے لے کر بخاری شریف تک مدرسہ ان ہی پڑھنے ہی پڑھنے کے لئے کہتا ہے، لکھنے کو کبھی کہتا ہی نہیں۔ بہت تیر مارا تو سال میں تین مرتبہ ان سے تحریری امتحان لے لیا وہ بھی بعض کتابوں اور چند مقامات کا، چند مدارس میں، اس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج دورۂ حدیث شریف کے منتہی طلبہ بھی فارم داخلۂ امتحان پر قلم سے دستخط کرنے کے بجائے انگوٹھے کا نشان لگانے پر مجبور ہوتے ہیں، ظاہر ہے کہ اس سے زیادہ رسوا کن عیب اس زمانے میں اور کوئی نہیں ہوسکتا، اس لئے وفاق نے روز اول سے ہی اس عیب کے ازالہ کی یہ تدبیر کی ہے کہ امتحان داخلہ ہی میں قدرت تحریر کی شرط لگادی۔ اب مدارس کے ناظمین امتحانِ داخلہ کا فرض ہے کہ وہ تمام درجوں کے امتحان کے وقت داخلہ میں تقریر کے ساتھ تحریر کا بھی امتحان ضرور لیں، اس کے بغیر ہرگز کسی طالب علم کو داخل نہ کریں، نہ ہی اس بارے میں ذرہ برابر تسامح یا تغافل سے کام لیں اور جو طلبہ عجز تحریر یا بد خطی کے مرض میں مبتلا ہوں ان کے لئے درجہ تجویز کرنے سے پہلے مشقِ تحریر اور خوش خطی سکھانے کے لئے بھی ٹائم ٹیبل میں مستقل وقت اور مستقل استاد کا انتظام کریں اور اعلان کردیں کہ سہ ماہی، ششماہی اور سالانہ امتحانات تحریری ہوں گے اور جو طالب علم بصورت تحریر اظہار مافی الضمیر پر قادر نہ ہوگا، یا اس قدر بدخط ہوگا کہ اس کی تحریر کو پڑھنے کے لئے اسی کو بلانا پڑے تو اس کی امداد اس وقت تک کے لئے بند کردی جائے گی جب تک وہ اس عیب کا ازالہ نہ کرے گا۔

(ب) عام طور پر طلبہ مختلف مدارس میں یا اساتذہ کے پاس بے ترتیب کتابیں پڑھ کر آتے ہیں، مثلاً صرف ونحو میں تو شرح جامی، شافیہ اور عبدالغفور تک پڑھا ہوتا ہے اور ادب یا منطق میں بالکل کورے ہوتے ہیں، نفحۃ العرب یا مرقات تک بھی نہیں پڑھی ہوتی، ایسے ناقص الاستعداد طلبہ درجہ بندی کی راہ میں سخت مصیبت بن جاتے ہیں اس لئے امتحان داخلہ کے لئے ممتحن کو چاہیے کہ وہ جدید طلبہ کا امتحان داخلہ درجہ بندی کے اعتبار سے لیں، جس درجے کی کتابیں اس نے پوری پڑھی ہوں اسی میں امتحان لیں اور بصورت کامیابی واہلیت اگلے درجے میں داخل کریں ورنہ اسی درجے میں یا جس درجے کے وہ قابل ہوں اس میں لوٹا دیں۔ اگرچہ اس صورت میں اس کو بعض کتابیں دوبارہ بھی پڑھنی پڑیں اور مجوزہ نصاب اور اس کی درجہ بندی کو کسی قیمت پر بھی نہ ٹوٹنے دیں اور اس سلسلے میں ہرگز کسی سفارش کو نہ سنیں اور مطلق مراعات یا تساہل نہ برتیں اور یاد رکھیں کہ اگر کسی درجے میں ایک بھی ناقص الاستعداد طالب علم داخل ہوگیا تو وہ ہمیشہ دردسری کا باعث بنے گا۔

(ج) ناظمِ امتحانِ داخلہ جدید طلبہ کے داخلے کے وقت صرف ان کی علمی استعداد اور اہلیتِ درجہ ہی کو نہ کو دیکھیں بلکہ سابقہ زندگی سے متعلق مختلف سوالات اور گفتگو کے ذریعے اس بات کا بھی پتہ چلائیں کہ اس کا مقصدِ تحصیل علم ہے یا وقت گزاری، اور ذریعہ معاش پیدا کرنا، اس لئے کہ بدقسمتی سے اس زمانے میں بعض لوگوں نے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

طالب علمی کو بھی ایک پیشہ بنالیا ہے، خصوصاً بڑے شہروں اور ایسے مدرسوں میں جہاں گراں قدر وظائف ملتے ہیں یا قیام وطعام کے انتظامات بہتر اور آسائش طلبہ کا انتظام زیادہ ہے، یا طالب علمی کے نام سے شہر میں مختلف مالی وسائل آسانی سے میسر آتے ہیں، بسا اوقات طالب علم گھر سے بھاگ کر یا کوئی جرم کر کے دور دراز شہروں کے مدارس میں داخل ہو کر طالب علمی کے پردے میں روپوشی اختیار کرنا چاہتا ہے، اسی طرح بعض فاسد العقیدہ گمراہ فرقہ کے افراد اپنے مسلک اور عقائد کو چھپا کر کسی مشہور مستند مدرسہ سے سند فراغت حاصل کرنے کی غرض سے داخل ہوتے اور پڑھتے ہیں۔ طالب علمی کی صورت وشکل، اوضاع واطوار اور لباس وغیرہ بھی اس کے اخلاق واعمال اور نیت وارادہ کی غمازی کرتے ہیں، لہٰذا ناظم امتحانِ داخلہ کو ان تمام امور کو بھی پیش نظر رکھنا ضروری ہے، اس لئے کہ کسی بدعقیدہ، بداطوار، بدکردار اور پیشہ ور طالب کا وجود مدرسہ اور اساتذہ کے لئے یقیناً باعثِ ننگ وعار ہے، اور ایسے طالب علم کو داخل کر لینے کے بعد نکالنا بہت دشوار ہوتا ہے۔

(ہ) یہ امتحان داخلہ ان طلبہ سے لازماً لیا جائے گا جنہوں نے اس سے قبل کسی وفاق سے ملحق مدرسہ میں نہ پڑھا ہو۔ اور جو طلبہ اس سے قبل کسی وفاق سے ملحق مدرسہ میں پڑھتے رہے ہیں اور وہاں سے تصدیق نامہ (سرٹیفکیٹ) لے کر آتے ہیں ان کو امتحان داخلہ سے مستثنیٰ کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ وہ سابق مدرسہ کے امتحانات میں کامیاب ہوں اور درجے کی کتابیں پوری پڑھی ہوں اور تعلیم کا سلسلہ درمیان میں منقطع نہ ہوا ہو، اس کے باوجود بھی اگر ناظمین امتحان داخلہ چاہیں تو عبارت صحیح پڑھنے کی قدرت اور کتابیں یاد ہونے کا حال معلوم کرنے کے لئے کسی ایک یا دو کتاب میں تقریری امتحان لے سکتے ہیں یا قدرتِ حال معلوم کرنے کے لئے تحریری کا امتحان لے سکتے ہیں۔

## ۴- فارمِ داخلہ

**تمام وفاق سے ملحق مدارس میں داخلہ بذریعہ فارم داخلہ ہوگا، جو ایک ہی قسم کا فارم ہوگا جس میں مقامی حالات کے مطابق مہتمم مدرسہ کی جانب سے عائد کردہ شرائط کا بھی ایک خانہ ہوگا۔**

**توضیح:** (الف) وفاق کا اصل مقصد تمام مدارس ملحقہ میں ایک وحدت اور ہم آہنگی پیدا کرنا ہے، جس کا سب سے پہلا مظہر فارم داخلہ کی وحدت ہے، اس لئے وفاق سے ملحق ہر مدرسہ کا فرض ہے کہ وہ مرسلہ نمونے کے مطابق فارم استعمال کرے۔

(ب) چونکہ طلبہ کو عربی زبان کا عادی بنانا ہے اس لئے فوقانی اور وسطانی درجوں کے لئے فارم بھی عربی میں ترتیب دیا گیا ہے۔ یقیناً ابتداء میں طلبہ کو سمجھنے سمجھانے کی ضرورت پیش آئے گی، اس زحمت کو گوارا کریں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

آسانی کے لئے فارم کا اردو ترجمہ کر کے چسپاں کرا دیں۔ اسی طرح عام اعلانات بھی مدرسے کی جانب سے عربی میں کئے جائیں تا کہ طلبہ عربی سے مانوس ہوں۔ یہ فارم خود طالب علم سے بھروائیں، دوسرے سے ہرگز نہ لکھوانے دیں تا کہ قدرت تحریر اور خوش خطی یا بدخطی کا حال شروع ہی سے معلوم ہو جائے۔ یہ فارم داخلہ وفاق نے چھپوا لئے ہیں، طلب فرمائیں۔

## ۵- آغازِ تعلیم

**تمام مدارس ملحقہ میں ۱۵ شوال سے تعلیم لازماً شروع ہو جائے۔**

**توضیح:** مدارس عربیہ میں عموماً شوال کا پورا مہینہ داخلہ اور تجویز و تقسیم اسباق میں گزر جاتا ہے، بیرونی مدرسین بھی اسی تساہل پسندی کی وجہ سے دیر سے آتے ہیں۔ اسی طرح ماہ ذی الحجہ میں تعطیلات عیدالاضحیٰ کے بارے میں سہل گیری کی بناء پر عموماً دو ہفتے ضرور ضائع ہو جاتے ہیں، اسی کا نتیجہ ہے کہ پہلی سہ ماہی تین ماہ کی بجائے ڈیڑھ ماہ کی رہ جاتی ہے اور کتابیں مقررہ مقدار سے بہت کم پڑھائی گئی ہوتی ہیں، اس کا نقصان آخر سال میں محسوس ہوتا ہے کہ درجہ کی کتابیں پوری نہیں ہوتی اور تعلیم ناقص رہ جاتی ہے۔ اس نقص کے ازالے کے لئے وفاق نے یہ پابندی عائد کی ہے کہ ۱۵ شوال سے ہر مدرسہ میں تعلیم ضرور شروع ہو جائے، اس پابندی پر عمل کرنے کے لئے لازمی ہے کہ بیرونی مدرسین اور طلبہ ۱۰ شوال تک ضرور واپس آ جائیں اور ۱۲ شوال کو اسباق تقسیم کر دیئے جائیں اور ۱۳، ۱۴ شوال کو مدرسین وطلبہ کو کتابیں دے دی جائیں۔ جدید طلبہ کا داخلہ ۲۰ شوال تک جاری رہے۔ جو مدرسین امتحان لینے میں مصروف ہوں وہ بھی ایک دو سبق شروع کرا دیں اور داخلہ کا کام بھی کرتے رہیں۔ اس طریق پر ہر درجے میں طلبہ کی تعداد کا حال بھی معلوم ہو جائے گا، جن درجوں میں تعداد کم ہو ان میں داخلہ جاری رکھیں باقی میں بند کر دیں۔

اس پروگرام پر عمل کئے بغیر کبھی تعلیم وقت پر شروع نہیں ہو سکتی، اس لئے ہر مدرسہ اور اس کے منتظمین و مدرسین کا اس پر عمل کرنا ضروری ہے۔

## ۶- اخراج

**شرائط داخلہ اور قواعد وضوابط مدرسہ کی خلاف ورزی، مکرر خلاف ورزی کی آخری سزا اخراج ہو سکتی ہے!**

**توضیح:** وفاق اور اس سے ملحق مدارس کے تمام تر قواعد اور ضوابط اور ان کی پابندی کو لازمی قرار دینے کا اصلی مقصد طلبہ کے عیوب اور نقائص کا ازالہ اور بے راہ روی کی اصلاح ہے اور یہ مدرسہ میں رکھ کر ہی ممکن ہے نہ کہ نکال کر، ایسی صورت میں اخراج صرف اس طالب علم کا کیا جائے جس کا ضرر متعدی ہو اور اس کی صحبت سے دوسرے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

طلبہ کے بگڑنے کا اندیشہ ہو۔ اگر یہ صورت نہ ہو تو نقائص و عیوب کے ازالہ اور اصلاح کے لئے اخراج کے علاوہ اور دوسری عقوبتوں سے کام لینا چاہیے، مثلاً جماعت میں کھڑا کر دینا، کان پکڑوانا، مدرسہ کے بورڈ پر جرم اور مجرم کا نام لکھ کر تشہیر و تفضیح کرنا، امداد مدرسہ کلاً یا بعضاً بند کر دینا، امتحان یا درجے سے وقتی طور پر نکال دینا، سند نہ دینا وغیرہ۔ مگر جملہ عقوبات محدود اور وقتی ہونی چاہییں اور مصلحانہ انداز میں نہ کہ معاندانہ اور منتقمانہ انداز میں کہ یہ مصلحین کی شان سے بعید ہے۔

مخرج طلبہ عموماً سرٹیفکیٹ نہیں لیتے، ایسی صورت میں وفاق سے ملحق مدارس اور دفتر وفاق کو اطلاع دینی ضروری ہے، تاکہ کوئی بھی ملحق مدرسہ ایسے طلبہ کو داخل نہ کرے اس سے اخراج کی اہمیت اور خوف و اندیشہ بھی بہت بڑھ جاتا ہے، اس لئے اس معاملے میں تساہل و تغافل ہرگز اختیار نہ کرنا چاہیے اور ایسے طلبہ کے نام، ولدیت، سکونت اور ضروری تفصیلات سے کم از کم دفتر وفاق کو ضرور آگاہ کر دینا چاہیے۔ اگر کوئی طالب علم اخراج کی صورت میں سرٹیفکیٹ مانگے تو دے دینا چاہیے۔ مگر اس جرم اور اخراج کی ضرور تصریح کر دینی چاہیے تاکہ دوسرے مدرسہ والے واقف ہو جائیں۔

## ۷۔ نظام تعلیم

**ہر وفاق سے ملحق مدرسہ میں درجہ بندی لازمی ہوگی، جو کتب جس درجے میں وفاق کی مجلس عاملہ کی طرف سے مقرر کر دی جائیں گی وہ اس درجے کے طالب علم کو لازماً پڑھنی ہوں گی۔ اس میں کسی قسم کی رعایت نہ ہو سکے گی۔ سال تعلیم کے اختتام پر سب کتابوں کا امتحان دینا ہوگا۔**

**توضیح:** عام طور پر مدارس عربیہ میں طالب علم کی خواہش کے مطابق کیف ما اتفق اسباق تجویز کر دیئے جاتے ہیں اور تکمیل استعداد کا خیال مطلق نہیں رکھا جاتا، صرف اس خوف سے کہ طالب علم چلا جائے گا اور ہمارے مدرسے میں داخل نہ ہوگا یا اگر کسی جماعت کے مطالبے کو نہ مانا اور مطلوبہ سبق شروع نہ کرایا یا جس سبق کو وہ پڑھنا نہیں چاہتے اس کو نہ چھڑایا اور پڑھنے پر مجبور کیا تو پوری جماعت مدرسہ چھوڑ دے گی، یہ مدارس عربیہ کی شرمناک کمزوری ہے، اسی کا نتیجہ ہے کہ ایسے طلبہ بھی دورۂ حدیث شریف میں داخل کر لیے جاتے ہیں اور ختم سال پر ان کو سند فراغت دے دی جاتی ہے، جنہیں ضروری علوم و فنون کی ابتدائی کتابوں پر بھی عبور حاصل نہیں ہوتا! سہ سالہ امتحان وفاق کے فارم داخلہ دیکھئے، عقائد، کلام، فرائض، منطق، ادب عربی سے کورے طالب علم دورۂ حدیث شریف کے امتحان میں بٹھا دیئے جاتے ہیں، جو طالب علم داخلہ کے وقت مشکوۃ، جلالین، ہدایہ اولین کا امتحان دے دیتا ہے، اسے دورۂ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حدیث میں داخل کرلیا جاتا ہے، غرض فی زمانہ مدارس عربیہ میں علمی استعداد کے انحطاط اور سقوط کا بڑا سبب درجہ بندی کی پابندی کو بالائے طاق رکھ دینا ہے، اس لئے وفاق سختی کے ساتھ مدارس اور ان کے طلبہ کو درجہ بندی کا پابند بنانا چاہتا ہے، اسی لئے فارم داخلہ میں ہر علم وفن میں پڑھی ہوئی کتابوں کو معلوم کیا گیا ہے کہ ناواقفیت کی بناء پر ضروری علوم وفنون میں طالب علم کی استعداد ناقص نہ رہ جائے۔ بہرحال اساتذہ آغاز سال میں ہر درجے کے اسباق وفاق کے مقرر کردہ نصاب اور درجہ بندی کے اصول کے تحت تجویز کریں اور اسی کے مطابق نظام الاوقات بنائیں، تاکہ یہ مطلق العنانی اور بے راہ روی ختم ہو، مدارس، علماء اور طلبہ ہدف طعن وتشنیع نہ بنیں اور نااہل لوگوں کے ہاتھوں سے وفاق اور مدارس عربیہ کی سندیں محفوظ رہیں۔

## ۸۔اساتذہ وتقسیم اسباق

**وفاق سے ملحق ہر مدرسہ میں مدرسین قابل رکھے جائیں، نیز آغاز سال میں تقسیم کتب کے وقت اساتذہ کی قابلیت اور ان کتب کے ساتھ خصوصی مناسبت کا خیال رکھا جائے جو ان کو برائے درس دی جائیں۔**

**توضیح:** یہ قاعدہ وضابطہ نہ صرف طلبہ کے حق میں مفید ہے بلکہ لائق وآزمودہ کار اساتذہ کا اجتماع مدرسہ کی بھی شہرت کو چار چاند لگا دیتا ہے۔ اور طلبہ اطراف واکناف سے شدرحال کر کے پروانوں کی طرح جوق در جوق آتے ہیں اور مدرسے میں داخل ہوتے ہیں، خاص کر جب کہ "لکل فن رجال" کے مصداق ہر صاحب فن استاذ کو اس کے فن کی کتاب پڑھانے کے لئے دی جائے۔ اس ضابطہ کی پابندی میں تو ارباب مدارس کا فائدہ ہی فائدہ ہے۔

## ۹۔تعلیم کی نگرانی

**حضرات مدرسین کی تعلیم کی کما، کیفا نگرانی کی جائے تاکہ تعلیمی سال کے اختتام پر نصاب کے مطابق تعلیم پوری ہو سکے اور طلبہ کو ہر لحاظ سے فائدہ پہنچ سکے۔**

**توضیح:** (الف) عام طور پر مدرسین ابتداء سال میں لمبی لمبی تقریریں کیا کرتے ہیں اور نفسِ کتاب کی عبارت حل کرنے اور اصل مسائلِ فن طلبہ کو ذہن نشین کرانے کے بجائے نہ صرف حواشی وشروح کے مفید مضامین، بلکہ لایعنی قیل وقال کی الجھنوں میں طلبہ کے ذہنوں کو ماؤف کر دیتے ہیں، اگر کوئی طالب علم کچھ بولتا ہے تو الزامی جوابات دے کر خاموش کر دیتے ہیں اور اسی کو اپنا کمال سمجھتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ابتدائی مہینوں میں کتاب کے چند ورق سے زیادہ نہیں ہوتے اور آخر میں جب سال ختم ہونے لگتا ہے تو ایسی تیز رفتاری اختیار کرتے ہیں کہ کتاب کی بس تلاوت ہی باقی رہ جاتی ہے، اس لئے کہ اگر ایسا نہ کریں تو کتاب ختم نہ ہو، اور اگر شہرۂ آفاق صاحب فن استاد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہوتے ہیں تو وہ داد تحقیق دینے اور فن کا حق ادا کرنے کے سامنے کتاب ختم کرانے کی پرواہ ہی نہیں کرتے، نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کتاب کے اہم ترین مسائل ومباحث اس بے اعتدالی کی بناء پر بے پڑھے رہ جاتے ہیں، جو بسا اوقات فن کی دوسری کتابوں میں یا آتے ہیں یا اس تفصیل کے ساتھ نہیں آتے جیسے زیر درس کتاب میں ہوتے ہیں۔

یہ ایک ایسا نقص ہے کہ اگر اس کا ازالہ نہ کیا جائے تو تعلیم کا ادھورا اور طلبہ کی استعداد کا ناقص رہ جانا یقینی ہے، اس کے ازالے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہر مدرسے میں مقدار خواندگی ماہانہ درج کرنے کا ایک رجسٹر رکھا جائے اور مہتمم یا صدر مدرس ہر ماہ کی آٹھ تاریخ کو پابندی کے ساتھ وہ رجسٹر ہر استاد کے پاس بھیجیں اور ہر کتاب کی اس ماہ کی مقدار خواندگی بقید صفحات خود ان سے درج کرائیں، اس تدبیر سے خود مدرس کو بھی اپنی کوتاہی کا احساس ہوگا، اور ناظم تعلیمات کو بھی رفتار درس کا پتہ چلتا رہے گا اور سست رفتاری کا تدارک کر سکے گا اور دونوں کی توجہ اور کوشش سے کتاب ختم یا بقدر نصاب ضرور پوری ہو جائے گی۔

یہ تو مقدارِ تعلیم کی نگرانی کی صورت ہے۔ کیفیت تعلیم کا حال معلوم کرنے اور کوتاہی کا ازالہ کرنے کی تدبیر اس کے سوا نہیں کہ مہتمم یا صدر مدرس وقتاً فوقتاً بلا استثنیٰ ہر مدرس کے درس میں بدونِ اطلاع جا کر بیٹھیں یا اس کی بے خبری میں غیر محسوس طریقے پر سبق سنیں اور اس کے بعد تنہائی میں مدرس کو بلا کر اس کی کوتاہیوں پر اس کو اس طرح متنبہ فرمائیں کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔

بہر صورت محض حسنِ ظن یا حسن اعتقاد کی بناء پر کسی بھی مدرس کو مطلق العنان اور آزاد چھوڑ دینا اور احتساب ونگرانی کے اندیشے سے آزاد کر دینا اگر چہ کتنا ہی متدین مدرس ہو، سخت مضر ہے۔ انسان کو خود اپنی کوتاہیوں کا احساس نہیں ہوتا اور اگر ہوتا بھی ہے تو احتساب ونگرانی نہ ہونے کی صورت میں ان کے ازالے کی فکر نہیں ہوتی۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اگر مشہور ومعروف استاذ ہوتے ہیں تو رعب علمی کی وجہ سے، اور اگر اربابِ اختیار کے مقرب اور منہ چڑھے مدرس ہوتے ہیں تو عقوبت کے خوف سے طلبہ خون کا سا گھونٹ پی کر خاموش تو رہتے ہیں، مگر ان کا وقت ضائع اور تعلیم تباہ ضرور ہوتی ہے، ورنہ مدرس کے خلاف شکایتیں ہوتی ہیں، اسٹرائیک وغیرہ تک نوبت پہنچتی ہے، دونوں صورتوں میں تباہ کن اور موجب رسوائی ہیں، اس لئے ہر مہتمم اور ناظم تعلیمات کا فرض ہے کہ وہ ہر استاذ کی تعلیم کی کیفاً وکماً نگرانی کرے۔

(ب) طریقِ تعلیم: اصولاً مدرس کا اصلی مطمح نظر ہر کتاب کو پڑھاتے وقت، نہایت سادہ اور سہل انداز میں جلی عبارت اور تفہیم معانی ومطالب ہونا چاہیے، اگر فن کی ابتدائی کتاب ہے تو صرف مبادی ومسائل فن کو ذہن نشین کرانے پر اکتفا کرنا چاہیے، اور اگر اوسط درجے کی کتاب ہے تو بقدر ضرورت دلائل وبراہین سے مسائلِ فن کا اثبات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وتفہیم پیشِ نظر ہونا چاہیے، اور اگر فن کی آخری درسی کتاب ہے تو نہ صرف دلائل وبراہین کے بیان پر اکتفا کیا جائے بلکہ نہایت سلجھے ہوئے انداز میں مسئلہ زیر درس سے متعلق ضروری مباحث وتحقیقات کو بھی ضرور بیان کرنا چاہیے۔ ہر کتاب کی خصوصیات پر متنبہ کرنا بھی ازبس ضروری ہے۔ بہرصورت طول لاطائل اور خارج از کتاب مباحث سے اجتناب ضروری ہے۔ تدریجی طور پر فن اور مسائل فن سے آگاہ کرنا مفید ہوتا ہے۔

نیز ہر شریک درس طالب علم کی حالت سے واقف ہونا بھی مدرس کے لئے ازبس ضروری ہے، کہ وہ کس حد تک سبق کو سمجھ رہا ہے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً ہر طالب علم سے ایسے سوالات کرے جن سے سبق کے سمجھنے کا حال معلوم ہو سکے۔ اسی طرح بلاتعیین نوبت ہر طالب علم سے عبارت پڑھوائے، ترجمہ کرائے، مطلب بیان کرائے۔ گزشتہ سبق کے متعلق بلاتعیین مختلف طلبہ سے سوالات کرے تاکہ ہر ہر طالب علم کتاب کو سمجھنے، سبق کو یاد کرنے اور مطالعہ کرنے پر مجبور ہو۔ عموماً مدرسین جماعت کے ذہین طلبہ کو پیش نظر رکھ کر درس دیتے ہیں۔ ان ہی سے سوالات کرتے ہیں، یہ طریقہ سخت مضر ہے، اس سے کمزور دل طلبہ احساس کمتری میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور استفادہ سے محروم رہ جاتے ہیں، بلکہ وہ خود کو بالکل ہی مرفوع القلم سمجھ لیتے ہیں اور پھر سننے اور سمجھنے کی جانب توجہ ہی نہیں کرتے اور کورے کے کورے رہ جاتے ہیں، اس لئے مدرس کا فرض ہے کہ وہ اپنے معیارِ علم کے مطابق درس نہ دے، بلکہ طلبہ کے ذہنوں کی سطح پر اتر کر درس دے اور "اقتد با ضعفھم" کے اصول پر عمل کرے تاکہ تعلیم کا فرض ادا کر سکے۔

## ۱۰- ذریعہ تعلیم

**وفاق سے ملحق ہر مدرسہ میں زبان تدریس عام طور پر اردو ہونی چاہیے، اور چھٹے درجے سے آخری درجے تک کسی ایک کتاب کی تدریس کے لئے ذریعہ تعلیم عربی ہونی چاہیے اور امتحان دورۂ حدیث شریف، سادسہ ورابعہ کے پرچے عربی میں حل ہونے چاہئیں۔**

**توضیح:** ہمارے ملک کی وہ زبان جو ہر خطہ اور ہر علاقے میں سمجھی جا سکے وہ صرف ''اردو'' ہے۔ بجز دور افتادہ سرحدی علاقوں یا آزاد قبائل کے رہنے والوں کے ہر شخص اردو کو آسانی کے ساتھ سمجھتا اور بول سکتا ہے۔ اردو کے علاوہ باقی زبانیں مخصوص علاقوں اور خطوں کے علاوہ نہ بولی جاتی ہیں نہ سمجھی۔ اور اساتذہ کرام وطلبہ تعلیم وتعلم کی غرض سے ملک کے ہر خطہ اور علاقے سے دوسرے خطوں اور علاقوں میں آتے جاتے ہیں، اس لئے ہر خطے اور علاقے کے مدرسوں میں زبان تدریس اردو ہی ہو سکتی ہے۔

تبلیغ واشاعت دین کے لئے بھی اردو زبان جاننا اور اردو میں تحریر وتقریر کی قدرت حاصل کرنا ہر عالم دین

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے لئے بھی ازبس ضروری ہے۔ اس معاملے میں تساہل پسندی کا نتیجہ یہ ہے کہ اس سال بعض ایسے مدارس میں جہاں پشتو میں کتابیں پڑھیں اور پڑھائی جاتی ہیں، امتحان دورۂ حدیث کے، اردو میں لکھے ہوئے سوالات کا پشتو میں ترجمہ کرنا پڑا ہے، ایسے طلبہ مدرسہ سے فارغ ہو کر بجز اپنے علاقے کے ملک کے کسی بھی خطے میں کوئی دینی خدمت نہیں انجام دے سکتے۔ یہ کتنا بڑا نقص ہے! اسی نقص کو دور کرنے کے لئے اردو نوشت وخواندگی کو ابتدائی درجوں میں مستقل طور پر نصاب میں داخل کیا گیا ہے، بہر حال زبان تدریس لازماً اردو ہونی چاہیے، تاکہ مدارس عربیہ کا ہر طالب علم اردو میں لکھنے پڑھنے اور تقریر کرنے پر قادر ہو سکے۔

عربی ہماری دینی اور علمی زبان ہے، بجز صرف ونحو کی چند ابتدائی کتابوں کے نہ صرف قرآن وحدیث بلکہ جملہ علوم وفنون کی کتابیں عربی میں ہیں، اس لئے عربی تحریر وتقریر پر قدرت حاصل کرنا ہمارا اولین فریضہ ہے۔ مدارس عربیہ کے طلبہ واساتذہ اور علماء دین پر آج سب سے زیادہ شرمناک اعتراض یہی ہے کہ آٹھ سال تک عربی پڑھنے اور ساری عمر عربی کتابوں کا درس دینے کے باوجود ہمارے طلبہ اور اساتذہ چند عربی فقرے برجستہ بولنے اور لکھنے پر قادر نہیں ہوتے، حالانکہ عربی لکھنے اور بولنے کا مدار صرف مشق ومزاولت پر ہے۔ ادنیٰ توجہ سے یہ شرمناک عیب دور ہو سکتا ہے، اسی مقصد کے پیش نظر وفاق نے یہ پابندی عائد کی ہے کہ فوقانی درجوں میں کم از کم کسی ایک کتاب کے لئے ذریعۂ تعلیم عربی کو بنایا جائے یعنی استاذ بھی عربی میں سبق کی تقریر کرے اور کتاب کے مطالب سمجھائے، طلبہ بھی عربی میں ہی سوالات کریں۔ غرض اس ایک گھنٹہ میں استاد اور شاگرد کی زبان پر عربی کے علاوہ کسی بھی زبان کا کوئی کلمہ نہ آنا چاہیے۔ اسی مقصد کے پیش نظر وفاق کی مجلس شوریٰ نے اپنے اجلاس عام منعقدہ ۱۵-۱۶ شعبان ۸۲ھ، ملتان میں باتفاق رائے یہ تجویز پاس کی ہے کہ آئندہ سے دورۂ حدیث کے تمام پرچے بھی عربی میں ہوا کریں گے۔ اور ان کے جوابات بھی ہر طالب علم کو لازماً عربی میں دینے ہوں گے اور اسی لئے مجوزہ نصاب میں بھی ابتدائی درجوں میں ترجمہ اور انشاء عربی کو روزانہ ایک سبق کے طور پر لازم قرار دیا ہے۔

## ۱۱- مطالعہ وتکرار کی نگرانی

**ہر وفاق سے ملحق مدرسہ میں مطالعہ کتب وتکرار اسباق کا باضابطہ اہتمام اور نگرانی ہونی چاہیے۔ طلبہ کے مطالعے وتکرار کے اوقات متعین ہوں اور ان اوقات میں سختی کے ساتھ مطالعہ وتکرار کی پابندی کرائی جائے، اساتذہ ومدرسین مدرسہ پورے اہتمام سے اس کام کی تکمیل کریں۔**

**توضیح:** عام طور پر مدارس عربیہ کے دیانت دار اساتذہ بھی صرف مفوضہ اسباق کو محنت کے ساتھ پڑھا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دینے کو ہی اپنا فرض منصبی سمجھتے ہیں۔ اور اسباق کے گھنٹوں کے بعد طلبہ اور ان کے مشاغل سے کوئی سروکار نہیں رکھتے۔ طلبہ نے اسباق کا تکرار کیا یا نہیں؟ سبق یاد کیا یا نہیں؟ مطالعہ کیا یا نہیں؟ امتحانات سے پہلے امتحان کی تیاری کرتے ہیں یا نہیں؟ ان امور کی نگرانی اور دیکھ بھال کو اپنا فرض تو کیا لائق اعتناء بھی نہیں سمجھتے اور اگر اس طرف توجہ بھی دلائی جاتی ہے تو انتہائی بے پروائی سے فرما دیتے ہیں کہ یہ ہمارا کام نہیں، مہتمم یا نگران کا فرض ہے، حالانکہ حقیقی معنی میں مطالعہ وتکرار کرنے نہ کرنے کا پتہ سبق پڑھانے والے استاد کو ہی چل سکتا ہے اور وہی تنبیہ وسرزنش یا زجر وعقوبت کے ذریعے اس کا تدارک کر سکتے ہیں، مہتمم یا نگران تو زیادہ سے زیادہ اوقات مطالعہ وتکرار میں ان کی حاضری اور موجودگی ہی کی نگرانی کر سکتے ہیں، لیکن یہ کہ وہ تکرار کر رہے ہیں یا گپ بازی، سبق کا مطالعہ کر رہے ہیں یا کسی اور دلچسپ کتاب میں منہمک ہیں، اس کی نگرانی مہتمم یا نگران نہیں کر سکتے۔ اس لئے ہر مدرسہ کے مہتمم کو چاہیے کہ وہ ابتداء سال میں ہی تمام مدرسین مدرسہ کو جمع کر کے نہایت واضح الفاظ میں ان کو آگاہ کر دیں کہ محنت کے ساتھ اسباق پڑھا دینا ہی آپ کا فرض نہیں ہے بلکہ اوقاتِ درس کے بعد اپنے درجے کے طلبہ کے مطالعہ وتکرار کی نگرانی اور ان کے عام مشاغل کی دیکھ بھال بھی آپ کا فرض ہے، مدرسہ جو حق الخدمت پیش کرتا ہے، اس میں یہ کام بھی داخل اور شامل ہیں، اگر آپ اس میں کوتاہی یا تساہل فرمائیں گے تو عند اللہ مسئول وماخوذ ہوں گے۔

اس نگرانی اور مواخذہ کے نہ ہونے کی وجہ سے آج کل عموماً مدارس عربیہ کے طلبہ کی حالت یہ ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ سبق میں حاضر ہو جاتے ہیں باقی تمام وقت بجائے مطالعہ وتکرار کے سیر وتفریح، گپ بازی، دوستوں اور مہمانوں کی مہمان نوازی اور اسی طرح کے لایعنی مشاغل میں ضائع کرتے ہیں، بہت سے طلبہ تو استاد کے سامنے کتاب بند کر کے پھر اگلے دن استاد کے ہی سامنے بیٹھ کر کتاب کھولتے ہیں اور انہیں یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ آج سبق کہاں سے شروع ہوگا؟ فی زمانہ مدارس عربیہ کے طلبہ میں علمی استعداد کے فقدان کا ایک بہت بڑا سبب اساتذہ ومدرسین کی بے توجہی اور بے پرواہی اور طلبہ کی یہ آزادی وبے راہ روی ہے، اس کا سد باب اشد ضروری ہے، اس لئے وفاق سے ملحق مدارس کے مہتممین کو اس قاعدہ کی پابندی میں انتہائی اہتمام وسخت گیری سے کام لینا چاہیے۔ ناظم وفاق بھی دور بیٹھ کر جس قدر ممکن ہے اس کی نگرانی کرے گا۔

اس ضابطہ پر عملی پابندی کی صورت یہ ہے کہ ہر درجے کے اساتذہ اپنے اپنے درجے کے طلبہ کے لئے مطالعہ وتکرار کا مکمل نظام الاوقات بنا دیں، اور ہر درجے کے اساتذہ باری باری اس نظام الاوقات پر طلبہ کے عمل درآمد کرنے یا نہ کرنے کی نگرانی کریں، مثلاً کسی درجے کے چار استاد ہیں تو ایک ایک ہفتے ہر استاذ کی ڈیوٹی لگا دی جائے، اس طرح ہر استاد کو اوقات درس کے علاوہ مہینہ میں صرف ایک ہفتہ اوقات مطالعہ وتکرار میں موجود رہنا پڑے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

گا اور کام ہلکا ہو جائے گا۔ ہر استاذ کے پاس ایک یادداشت بھی ہونی چاہیے جس میں متعلقہ درجے کے طلبہ کے نام لکھے ہوں اور وہ نگرانی کے دوران ہر مقصّر طالب علم کی کوتاہی کو نوٹ کرتا رہے اور پھر یا خود درس کے وقت اس کا تدارک کرے یا متعلقہ اساتذہ کو آگاہ کردے۔

یہ پابندی شروع میں سب کو ناگوار معلوم ہوگی، خصوصاً اساتذہ کو کہ زائد وقت بھی دینا پڑے گا اور ایک نئی دردسری بھی مول لینا پڑے گی، لیکن یاد رکھئے! مصلحین نے تو اصلاح عباداللہ کے لئے بڑی بڑی مشکلات برداشت کیں ہیں، قربانیاں دی ہیں، نیک نیتی سے محض اللہ کے لئے کام کیجئے، یہ بہت بڑی عبادت ہے۔ علاوہ ازیں انشاء اللہ چند ماہ میں ہی خود طلبہ اس کے عادی ہو جائیں گے اور اساتذہ کی ہلکی سی نگرانی بلکہ صرف نگرانی اور مواخذہ کا خوف بھی انشاء اللہ کافی ہوگا۔ ان اللہ مع الصابرین.

## ۱۲- حاضری طلبہ

**ہر وفاق سے ملحق مدرسہ میں طلبہ کی حاضری کا خصوصی طور پر خیال رکھا جائے، اسباق میں طلبہ کی غیر حاضری پر مناسب تنبیہ کی جائے۔**

**توضیح:** مدارس عربیہ کی تعلیم کو جو مختلف قسم کے روگ لگے ہوئے ہیں جنہوں نے اس کو تباہ کر رکھا ہے، ان ہی میں سے ایک بہت بڑا داخلی روگ یہ بھی ہے کہ حضرات مہتممین و اساتذہ کی سہل گیری اور بے اعتنائی کی وجہ سے مدارس عربیہ کے طلبہ مسئولیت و مواخذہ کے خوف اور عقوبت کے ڈر سے بالکل آزاد ہو گئے، حتیٰ کہ اسباق میں حاضری بھی اکثر مدارس میں گنڈے دار رہ گئی ہے جس دن جی چاہا سبق میں آ گئے، جس دن چاہا غائب، درس گاہ میں استاد سبق پڑھا رہا ہے اور شاگرد حجروں میں مصروفِ استراحت ہیں، گپ بازی ہو رہی ہے، بازاروں میں دوست واحباب کے ساتھ سیر وگشت میں مصروف ہیں، مقامی اور بیرونی مہمانوں کی مہمان نوازی میں مصروف ہیں، یا درجہ کی اہم اور مشکل کتابوں میں آ گئے باقی میں مسلسل غائب، دورۂ حدیث شریف کے طلبہ خاص طور پر بخاری، ترمذی میں حاضر باقی کتب حدیث کے درس میں مستقل طور پر غائب ہوتے ہیں، وقس علی ھذا۔

یہ صرف مہتممین و مدرسین کے تساہل کا نتیجہ ہے کہ اسباق میں پابندی سے حاضری نہیں لی جاتی اور غیر حاضری پر کوئی باز پرس نہیں ہوتی، سزا نہیں دی جاتی، بہت سے مدرسوں میں تو رجسٹر حاضری ہوتا ہی نہیں اور بہت سے جلیل القدر اساتذہ حاضری لینا اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں، بہت سے حریصِ درس مدرسین حاضری میں وقت صرف کرنے کو اضاعت وقت قرار دیتے ہیں اور بہت سے ضابطہ پسند اور پابندی سے حاضری لینے والے مدرسین کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہمت یہ دیکھ کر ٹوٹ جاتی ہے کہ مدرسہ غیر حاضر طلبہ کی غیر حاضری پر کوئی مواخذہ نہیں کرتا۔ چنانچہ وہ بھی حاضری لینے کا اہتمام ترک کردیتے ہیں۔ طلبہ بھی اس صورت حال سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں اور اطمینان سے سبق سے غیر حاضر ہونے کے عادی ہوجاتے ہیں حتیٰ کہ اس کو کوئی جرم ہی نہیں سمجھتے، واضح رہے کہ وہ زمانہ گیا جب طلبہ واقعی طالب علم بلکہ حریصِ علم ہوتے تھے اور کسی بھی وجہ سے سبق نہ ہونے کی وجہ سے ان کو شدید اذیت اور دکھ ہوتا تھا۔ اب تو فرار عن العلم کا زمانہ ہے۔ اگر کسی دن سبق نہیں ہوتا تو طلبہ خوشیاں مناتے ہیں۔ ہفتوں سبق نہ ہو تو ان کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ اب تو صرف زجر وعقوبت کے خوف سے ہی کچھ پڑھ پڑھا لیتے ہیں۔ یہ عموماً طلبہ کا حال ہے، الا ماشاءاللہ۔ ایسی صورت میں آپ اندازہ کیجئے، طلبہ کی یہ آزادی اور بے راہ روی کس قدر مہلک مرض ہے۔ مدرسہ نے ماہر فن اور آزمودہ کار مشہور ومعروف اساتذہ کو جمع کرنے میں جو کچھ اہتمام کیا اور مالی نقصان اٹھایا، اساتذہ نے محنت اور توجہ کے ساتھ لائقِ فخر درس دیئے اور علمی مباحث وتحقیقات بیان کیں، سب ضائع ہوئے، بلکہ ایسے طلبہ چوٹی کے مدرسوں اور شہرہ آفاق اساتذہ کے لئے الٹے بدنامی کا سبب بنتے ہیں۔ اس لئے کہ مدرسہ سے فارغ ہوکر یہ نالائق ونااہل طلبہ خود کو بڑی شان سے ان مدارس واساتذہ کی جانب منسوب کرتے ہیں اور ہوتے ہیں جاہلِ محض، ناواقف لوگ ان نالائقوں کو دیکھ کر ان مدرسوں اور بزرگوں سے بھی بدظن ہوتے ہیں۔

اس تمام تر نقصان اور بدنامی کا اصلی اور بنیادی سبب مہتممین ومدرسین کی حاضریٔ طلبہ کی جانب سے بے اعتنائی اور سہل انگاری ہے، لہٰذا وفاق سے ملحق مدارس کا اولین فرض ہے کہ آغاز سال سے ہی حاضری طلبہ کا سختی سے اہتمام کریں اور غیر حاضری پر اخراج کے علاوہ باقی تمام مناسب اور ضروری سزائیں درجہ بدرجہ اور حسبِ حال طلبہ ضرور دیں اور مطلق تسامح سے کام نہ لیں۔

یہ تو ہوئی اسباق کی حاضری اور اس کی پابندی۔ جن مدارس میں دارالاقامہ ہیں ان کی حاضری بھی اسی قدر ضروری ہے جتنی اسباق کی حاضری، اور دارالاقامہ سے غیر حاضری کی مضرتیں اس سے بھی زیادہ دوررس مفاسد کا موجب ہیں جتنی اسباق سے غیر حاضری کی۔ اگر دارالاقامہ میں موجود رہنے اور ضروریات کے لئے باہر جانے اور آنے کے اوقات متعین نہیں ہوتے یا نگرانی نہیں کی جاتی اور حاضری نہیں لی جاتی تو طلبہ رات کو بھی غائب ہونے لگتے ہیں، یا رات کو گیارہ اور بارہ بجے تک شہر یا قصبہ سے لوٹ کر آتے ہیں۔ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ عصر کے بعد کسی کام سے دارالاقامہ سے باہر نکلے، راستے میں کوئی دوست مل گیا، باتیں کرتے کرتے اس کی مسجد یا قیام گاہ تک پہنچ گئے، مغرب کا وقت ہوگیا، نماز وہیں پڑھ لی، اس کے بعد چائے تیار ہونی شروع ہوئی، چائے پیتے پیتے عشاء کا وقت ہوگیا، عشاء بھی وہیں پڑھ لی، اس کے بعد مدرسہ کی واپسی کا خیال آیا، باتیں کرتے کراتے کچھ اور وقت گزر گیا،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

آخر رات کو دس یا گیارہ بجے حجرہ میں پہنچے، کتاب ہاتھ میں لے کر بیٹھے تو نیند آ گئی اور سو گئے، لیجئے مطالعہ و تکرار سب ختم۔ یہ بلا قصد و ارادہ اضاعتِ وقت اور نقصانِ مطالعہ و تکرار صرف اس لئے ہوا کہ مدرسہ کی جانب سے دارالاقامہ سے باہر آنے جانے پر کوئی پابندی نہ تھی، تاخیر سے واپسی پر باز پرس کا کوئی خوف نہ تھا۔ اسی طرح مغرب کے بعد کتاب لے کر بیٹھے کہ اتنے میں کوئی مہمان آ گئے ان سے نہ ملنا اور خاطر مدارت نہ کرنا آداب مہمان نوازی اور مروت کے خلاف ہے، کتاب بند کر کے علیک سلیک اور مزاج پرسی ہوئی، چائے تیار ہونے لگی کہ اتنے میں عشاء کی اذان ہوئی، نماز پڑھی، اس کے بعد چائے پی گئی، کچھ ادھر کی باتیں ہوئیں، چلتے وقت ان کو رخصت کرنے کے لئے دارالاقامہ سے باہر آئے، ان کو رخصت کرتے کرتے دس بج گئے، اب کتاب لے بیٹھے۔ ایک کتاب کا مطالعہ ہی نہ کر پائے تھے کہ نیند آ گئی اور سو گئے، اور صبح کو بدون مطالعہ سبق پڑھے۔ یہ نقصانِ وقتِ تعلیم کیوں ہوا؟ صرف اس لئے کہ دارالاقامہ میں آنے جانے والوں کے لئے کوئی وقت کی پابندی نہ تھی، دوست احباب اور مہمانوں سے ملاقات کا کوئی وقت متعین نہ تھا۔ اس طرح کے صدہا مختلف اور متنوع صورتیں اور واقعات پیش آتے ہیں اور محض دارالاقامہ سے باہر آنے جانے، یا دوست، احباب اور مہمانوں کی ملاقات اور ملنے جلنے پر کسی قسم کی پابندی اور نگرانی نہ ہونے کی وجہ سے اضاعتِ وقت اور نقصانِ تعلیم کا سبب بنتے ہیں اور بڑے شہروں میں تو طلبہ کی یہ آزادی بہت سی شدید مضرتوں اور بری صحبتوں میں گرفتاری اور منکرات و مناہی کے ارتکاب کا سبب بنتی ہے۔

لہٰذا وفاق کی جانب سے ان تمام ملحقہ مدارس پر جن کے ساتھ دارالاقامہ ہیں، یہ پابندی عائد کی جاتی ہے کہ ایک بااختیار بلکہ ہو سکے تو باتنخواہ ناظم دارالاقامہ ضرور مقرر کریں جو دارالاقامہ میں ہی رہے اور طلبہ اور ان سے ملنے جلنے والوں کی آمد و رفت اور نقل و حرکت کی نگرانی کو اپنا فرض منصبی سمجھے، روزانہ غیر معین اور متبادل وقت پر دارالاقامہ میں مقیم طلبہ کی باقاعدہ حاضری لیا کرے اور مہتمم و ناظم مدرسہ اس کی رپورٹ پر قواعد دارالاقامہ کی خلاف ورزی کرنے والے طلبہ کو مناسب سزائیں ضرور دیا کریں، یا اسی ناظم دارالاقامہ کو مقررہ سزائیں دینے کا اختیار دے دیں، نیز حسب حال مدرسہ وطلبہ ''قواعد وضوابط دارالاقامہ'' الگ تجویز کر کے مدرسہ میں اعلان کرا دیں اور ان کی پابندی کرانے کا پورا اہتمام کریں۔

(قواعد وضوابط دارالاقامہ کے لئے ضمیمہ نمبر ۲ ملاحظہ ہو۔ یہی اس میں ضروری تغیر و تبدل کر کے ان قواعد کو نافذ کر دیں)۔

## ۱۳۔ عقائد صحیحہ اور اعمالِ صالحہ کی نگرانی

**تمام اساتذہ تعلیم و تدریس کے اثناء میں اس امر کا خاص طور پر خیال رکھیں کہ شرکاء درس، طلبہ میں اہل حق کی مخصوص ذہنیت پیدا ہو۔ وضع شرعی اور نماز (وغیرہ شعائر دین) کی پابندی کا خاص طور پر اہتمام کیا جائے۔**

**توضیح:** علم محض مطلوب نہیں، حضور علیہ الصلوٰۃ السلام فرماتے ہیں: اللھم انی اعوذ بک من علم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لاینفع، اے اللہ! میں ایسے علم سے پناہ چاہتا ہوں جو کہ نافع نہ ہو، قرآن کریم نے بھی تزکیہ کو تعلیم پر مقدم رکھا ہے ﴿ویزکیھم ویعلمھم الکتاب والحکمۃ﴾ اس لئے مہتممین ومدرسینِ مدارس کا فرض ہے کہ وہ طلبہ کے عقائد واعمال اور ذہنی نشوونما کی اصلاح میں ذرہ برابر کوتاہی یا چشم پوشی اختیار نہ کریں۔ مختلف طریقوں اور تدبیروں سے اپنے طلبہ اور تلامذہ کے رجحانات، عقائد وافکار اور ذہنیت سے واقف ہوں اور غیر محسوس طریقے پر ان کی اصلاح کریں، اسی طرح ان کے اخلاق وعادات اور اعمال وافعال کی سختی کے ساتھ نگرانی کریں اور اخلاق حسنہ، اعمال صالحہ اور صورت وسیرت کے لحاظ سے صلحاء امت اور اپنے اکابر کے اسوۂ حسنہ کا پابند بنانے کی ہر ممکن تدبیر اور کوشش کریں۔ ہر مدرسہ میں جس کے استاذ یا مہتمم کے ساتھ طلبہ کو سب سے زیادہ عقیدہ ہو، وہ ہر ہفتہ یا ہر مہینہ کسی نہ کسی وقت تمام طلبہ کو جمع کر کے صلاح وتقویٰ، اتباع سنت، تزکیہ اخلاق واعمالِ صالحہ اور پابندیٔ شعائر دین کی تلقین کریں اس لئے کہ تکرارِ موعظت، تزکیہ اخلاق واعمال میں بے حد مؤثر اور مفید ہے، اسی طرح دیگر اساتذہ بھی موقع بموقع، اثناء درس طلبہ پر واضح کرتے رہیں کہ تحصیل علم اور خدمت دین کا فریضہ صرف اس سے ادا نہیں ہو جاتا کہ محنت کے ساتھ کتابیں پڑھ لیں، اور امتحان میں کامیاب ہوگئے، بلکہ علم وعمل اور صورت کے اعتبار سے خود کو متبع سنت بنانا اور اس کے بعد اپنے تقوے اور پرہیزگاری سے عوام الناس کی اصلاح کرنا اور ان کو دین دار بنانا اصل خدمتِ دین اور حاصلِ تحصیلِ علم ہے، اسی مقصد کے پیشِ نظر وفاق نے اساتذہ اور اربابِ اختیار پر مذکورہ بالا پابندی عائد کی ہے۔ اس سلسلے میں بطور نمونہ ایک کاپی ”شرائط داخلہ“ کی ارسال خدمت ہے، وہی بعینہ یا مناسب تغیر وتبدل کے بعد جلی قلم سے لکھوا کر گتہ پر چسپاں کرا کر آویزاں کردیں اور فارم داخلہ پر جو عہد طالب علم سے لیا گیا ہے، وہ عہد ان ہی شرائط اور قواعد وضوابط کی پابندی پر لیں، غرض ﴿وانذر عشیرتک الأقربین﴾ کے تحت اساتذہ پر اپنے تلامذہ کی اصلاح سب سے مقدم ہے کہ درحقیقت ان کے خویش واقرباء ان کے شاگرد ہی ہیں۔

## ۱۴-امتحانات

**(ہر مدرسہ میں) امتحان سہ ماہی، ششماہی، سالانہ کا باقاعدہ انتظام ہو، امتحان سہ ماہی ماہ صفر کی ابتداء (پہلے ہفتہ) میں، ششماہی جمادی الاولیٰ کی ابتداء (پہلے ہفتہ) میں اور امتحان سالانہ ماہ شعبان کی ابتداء (پہلے ہفتہ) میں لئے جائیں۔**

**توضیح:** (الف) وفاق کے اساسی مقصد ”تنظیم وترقی مدارس عربیہ“ کے پیش نظر ضروری ہے کہ نصاب تعلیم اور نظام تعلیم کی طرح امتحانات میں بھی تمام مدارس میں وحدت اور ہم آہنگی پیدا کی جائے۔ اس لئے ہر وفاق سے ملحق مدرسہ میں تمام امتحانات ایک ہی وقت میں اور ایک ہی معیار پر لئے جائیں اور ہر امتحان کے نتائج کی ایک


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ایک کاپی (نقل) دفتر کو بھیجی جائے تا کہ مجلس عاملہ مطلوبہ وحدت اور اصلاح وترقی تعلیم کی نگرانی کر سکے اور حسبِ ضرورت مفید ہدایات اور مشورے دیئے جا سکیں۔

(ب) پہلے اور دوسرے درجے کی بیشتر کتابوں کا امتحان تقریری لیا جائے تا کہ مسائل کے یاد ہونے اور عبارت کے صحیح پڑھنے اور اظہار مافی الضمیر کی قدرت کا حال معلوم ہو سکے کہ ان درجوں میں یہی سب سے اہم ہے اور ایک دو کتابوں کا امتحان تحریری ہو، تا کہ لکھنے کی عادت اور مشق بھی ساتھ ساتھ ہوتی رہے، اور تیسرے چوتھے درجے کی بیشتر کتابوں کا امتحان تحریری لیا جائے اور کسی ایک دو کتابوں کا تقریری، باقی تمام درجوں کے تمام امتحان تحریری اور بالکل امتحان وفاق کے معیار پر لئے جائیں اور سوالات کے حل کرنے میں بھی ان تمام قواعد وضوابط کی پابندی کرائی جائے جو امتحان وفاق میں معتبر اور رائج ہیں، ان تمام درجوں میں ناموں کے بجائے رول نمبر مقرر کئے جائیں اور وہی پرچوں پر لکھے جائیں، تا کہ طلبہ امتحان وفاق دینے سے قبل ان تمام قواعد اور طریقوں کے عادی ہو جائیں، جن کی امتحانِ وفاق میں ان کو پابندی کرنی پڑے گی۔

اساتذہ پرچے دیکھتے وقت صرف جوابات کی صحت ہی کو نہ دیکھیں، بلکہ طرزِ تحریر، اندازِ بیاں کی خامیوں اور کوتاہیوں، نیز خوش خطی اور بد خطی کو بھی پیش نظر رکھیں اور ان کی نشاندہی کریں اور سہ ماہی نیز ششماہی کے پرچے طلبہ کو ضرور واپس کریں تا کہ طلبہ ان غلطیوں، خامیوں اور نقائص وعیوب سے واقف ہو سکیں، جن کی وجہ سے ان کو نمبر کم وبیش ملے یا ناکام ہوئے، بلکہ درس کے وقت بالمشافہ طلبہ کو ان پر متنبہ کریں تا کہ ان کا ازالہ ہو سکے کہ یہی ان امتحانوں کا اصلی مقصد ہے۔

(ج) ابتدائی درجے کے جوابات اردو میں اور وسطانی درجوں میں کسی ایک یا دو کتابوں کے جوابات عربی میں لکھے جائیں، تا کہ طلبہ اردو اور عربی دونوں زبانوں میں لکھنے پڑھنے اور سمجھنے سمجھانے کے عادی ہو سکیں۔

(د) اساتذہ اور ممتحنین نمبر لگانے میں ہرگز ہرگز کسی رعایت یا سفارش کو دخل نہ دیں اور بے کم وکاست طالب علم کی استعداد اور تعلیمی حالت کو ظاہر کر دیں، خصوصاً ابتدائی درجوں میں اور تقریری امتحان میں ہر طالب کو صرف نمبر دینے پر اکتفا نہ کریں بلکہ خانۂ کیفیت میں اس کی تعلیمی حالت اور عیوب ونقائص کو بے رو رعایت ظاہر کر دیں، یاد رکھیئے! کسی طالب علم کے ساتھ اس سے بڑھ کر اور کوئی دشمنی نہیں ہو سکتی کہ اس کی تعلیمی حالت اور نقائص وعیوب کی امتحان کے موقع پر پردہ پوشی کی جائے، جو طالب علم کسی وجہ سے معذور یا قابلِ رعایت ہوگا مجلسِ اساتذہ نتائج پر غور کرنے کے وقت اس کے ساتھ مراعات برتے گی۔ ممتحن کو ہر طالب علم کی موجودہ کتابی استعداد اور تعلیمی حالت کو ضرور ظاہر کر دینا چاہیے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(ہ) ہر امتحان کے موقع پر اساتذہ روزانہ پرچے دیکھتے اور واپس کرتے رہیں تا کہ امتحان ختم ہوتے ہی نتائج کا اعلان کیا جا سکے اور ان پر مرتب شدہ احکامات فوراً نافذ کئے جا سکیں، اس میں تاخیر سخت مضر ہے، اس سے امتحان کا مقصد فوت ہو جاتا ہے۔

اس کی صورت یہ ہے کہ تمام مدرسین اور اساتذہ کے گروپ بنائے جائیں، جس دن جن اساتذہ کے پرچے ہوں وہی اس دن امتحان کے وقت موجود رہیں اور نگرانی کریں، دوسرے دن وہ اساتذہ نگرانی کے بجائے پرچے دیکھیں اور دوسرا گروپ جس کے اس دن پرچے ہوں وہی امتحان کی نگرانی کرے۔ علی ہذا القیاس اس صورت میں روزانہ پرچے واپس ہوتے رہیں گے اور نتیجہ ساتھ ساتھ مرتب ہوتا رہے گا، اور امتحان ختم ہوتے ہی مجلس اساتذہ نتائج پر غور و بحث اور ان پر احکامات مرتب کر کے فوراً نتیجہ شائع کر سکے گی۔

یہ پابندی مدرسین کو خندہ پیشانی سے قبول کرنی چاہیے کہ اس میں مدرسہ اور طلبہ کے بے حد مفادات مضمر ہیں۔ وفاق بھی انشاء اللہ اس کی نگرانی کرے گا۔

(د) سہ ماہی، ششماہی امتحانات میں بہتر یہی ہے کہ ہر کتاب کا استاد ہی اس کا ممتحن ہو۔ تا کہ وہ جائزہ لے سکے کہ طلبہ نے اس کی محنتوں اور کاوشوں سے کس حد تک فائدہ اٹھایا اور کتنا ضائع کیا اور اس کے شاگردوں کی استعداد اور تعلیمی حالت کا کیا حال ہے۔ الا یہ کہ مہتمم یا صدر مدرس و ناظم تعلیمات ضرورت محسوس کریں تو ممتحن بجائے استاذ کے جس کو مناسب سمجھیں مقرر کر دیں۔ مگر سالانہ امتحان میں ہر کتاب کا ممتحن استاذ کے علاوہ کوئی اور مدرس ہونا چاہیے۔ اس کا فیصلہ مجلس اساتذہ کرے گی۔

## ۱۵- امتحانِ وفاق

**سالانہ امتحان دورۂ حدیث شریف تمام مدارس ملحقہ فوقانی کا وفاق کی طرف سے لیا جائے گا۔ وفاق کی جناب سے سوالات مرتب ہوں گے اور پرچۂ جوابات کی پڑتال بھی وفاق کی جانب سے ہوگی، دورۂ حدیث شریف کے علاوہ بقیہ کتب کے متعلق وفاق وقت پر ہدایات دے گا، جن کی پابندی لازمی ہوگی۔**

**توضیح:** (الف) امتحان دورۂ حدیث شریف تو بتوفیق اللہ تعالیٰ نہایت کامیاب، منظم اور لائق فخر طریق پر تین سال سے لیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں دو امر سے طلبہ اور مدارس کو آگاہ ہونا اور شروع سال سے ان کا خیال رکھنا از بس ضروری ہے۔

۱- حسب قرارداد مجلس شوریٰ منعقدہ ۱۵-۱۶ شعبان ۸۲ھ، ملتان، آئندہ سے امتحان دورۂ حدیث شریف


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے تمام پرچے بھی عربی میں ہوں گے اور ان کے جوابات بھی ہر طالب کو لازماً عربی میں دینے ہوں گے۔

۲- بجز اعمیٰ یا ساقط الید معذور طالب علم کے اور کسی بھی طالب علم کو اپنا پرچہ خود اپنے قلم سے لکھنا ہوگا۔

(ب) امتحان وسطانی (موقوف علیہ): مجلس شوریٰ نے اپنے مذکورہ بالا اجلاس میں موقوف علیہ کا وسطانی امتحان بھی وفاق کی جانب سے لینے کا قطعی فیصلہ کیا ہے، نیز یہ کہ آئندہ سے دورۂ حدیث شریف کے فوقانی امتحان میں وہی طلبہ شریک ہوسکیں گے جو پہلے اس وسطانی امتحان کو پاس کرلیں گے۔

وفاق کی جانب سے اخبارات میں اس امتحان اور اس کی کتابوں کا بھی اعلان ہو چکا ہے۔ عنقریب امتحان کمیٹی اس امتحان کے معیار اور پرچوں وغیرہ کے متعلق تفصیلات طے کر کے مدارس کو آگاہ کر دے گی، اس امتحان میں فوقانی اور وسطانی دونوں قسم کے مدارس کے طلبہ شریک ہوں گے اور انشاء اللہ ۱۳۸۳ھ سے دورۂ حدیث کے امتحان میں وہی طلبہ شریک ہوں گے جنہوں نے موقوف علیہ کا امتحان پاس کیا ہوگا۔ امتحان وسطانی کے مطبوعہ قواعد اگر آپ تک نہ پہنچے ہوں تو دفتر وفاق ملتان سے طلب کریں۔

## ۱۶- اوقاتِ درس

(ہر وفاق سے ملحق مدرسہ میں) اوقات درس روزانہ چھ گھنٹے ہوں گے۔

**توضیح:** (الف) عموماً مدارس عربیہ میں جلیل القدر مدرسین خود کو وقت کی پابندی سے بالاتر سمجھتے ہیں۔ ان کی دیکھا دیکھی دوسرے مدرسین بھی وقت کی پابندی میں تساہل برتنے لگتے ہیں، خصوصاً وہ مدرس یا مدرسین جو مہتمم یا صدرِ مدرس کے مقربین میں سے ہوتے ہیں اور جب مدرسین ہی وقت کے پابند نہ ہوں گے تو طلبہ سے پابندیٔ وقت کی کیا توقع کی جاسکتی ہے؟ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایسے مدرسوں میں پہلا گھنٹہ تو ۶۰ منٹ کے بجائے ۴۰ یا ۴۵ منٹ کا رہ ہی جاتا ہے، دوسرے گھنٹوں میں بھی دس پانچ منٹ کی تاخیر معمولی بات بن جاتی ہے اور روزانہ سبق کی جتنی مقدار ہونی چاہیے، نہیں ہو پاتی اور اس عدم پابندی وقت کی بدولت علاوہ اور مفاسد کے، سب سے بڑا نقصان یہ ہوتا ہے کہ کتابیں ختم یا بقدر نصاب نہیں ہو پاتیں، اس لئے ہر مدرسہ کے صدر مدرس اور طبقہ علیا کے مدرسین کو سختی کے ساتھ وقت کی پابندی کرنی چاہیے، تاکہ دیگر مدرسین اور طلبہ خود بخود وقت کے پابند بن جائیں اور اسباق پورا گھنٹہ ہونے لگیں اور متساہلین پر مواخذہ کیا جاسکے۔ کسی کسی دن خود مہتمم صاحب یا صدر مدرس مدرسہ کھلنے سے دو چار منٹ پہلے مدرسہ میں تشریف لا کر ایسی جگہ بیٹھ جائیں جہاں سے تمام آنے والے مدرسین وطلبہ ان کے سامنے سے گزرنے پر مجبور ہوں اور جائزہ لیں، جن مدرسین یا طلبہ کو تاخیر سے آنے کا عادی پائیں ان کو مناسب طریق پر تنبیہ کریں اور وقت کا پابند بنائیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اس مقصد کے لئے مذکورہ ذیل نمونہ کا ایک رجسٹر حاضریٔ مدرسین ہونا چاہیے۔ یہ رجسٹر حاضریٔ مدرسہ کا چپڑاسی مدرسہ شروع ہونے کے دس منٹ بعد ہر مدرس کے پاس لے جا کر صرف وقت آمد لکھوائے اور مدرسہ ختم ہونے سے دس منٹ قبل روانگی لکھوالے اور دستخط کرائے، اسی طرح دوسرے وقت میں یہ رجسٹر مدرسہ کے دفتر میں رکھا رہنا چاہیے تاکہ دفتر کو بھی ہر مدرس کے آنے اور جانے کا علم ہو۔ یہ پابندی حضرات مدرسین کو گراں گزرے گی مگر اس میں نظم مدرسہ سے متعلق بے شمار فوائد مضمر ہیں۔ اس لئے اس دواءِ تلخ کو خندہ پیشانی سے گوارا فرمائیں۔ جناب مہتمم صاحب، یا ناظم تعلیمات کا فرض ہے کہ وہ ہر ہفتہ کے آخری دن اس رجسٹر کا معائنہ فرمائیں تاکہ وہ مدرسین کی آمد و رفت اور پابندی وقت سے باخبر رہیں اور مقصرین کی کوتاہی کا تدارک کر سکیں۔

(ب) واضح رہے کہ مذکورہ بالا چھ گھنٹے مدرسہ کا وقت حاضری ہے، ہر مدرس کو اس وقت میں مدرسہ کے اندر موجود رہنا ضروری ہے، اگرچہ ان میں کوئی بھی گھنٹہ مستقل طور پر خالی ہو یا کسی وجہ سے اس گھنٹے میں سبق نہ ہو۔ اس خالی وقت میں طلبہ کا تحریری کام، یا مدرسہ کی جانب سے سپرد شدہ مستقل یا وقتی کام انجام دینا چاہیے، ورنہ اساتذہ کے کمرے میں یا دارالمطالعہ یا کتب خانے میں استراحت یا مطالعہ میں مصروف رہنا چاہیے، بہرحال خالی گھنٹہ یا گھنٹوں میں مدرسہ کے اندر موجود رہنا یا حجرہ میں جا کر بیٹھ جانا جیسا کہ عام طور پر معمول ہے، اصولاً غلط اور مصالح مدرسہ کے لئے سخت مضر ہے۔ تجربہ اس کا شاہد ہے۔

(ج) عموماً علاوہ مدرس کے، مدرسہ کے اور بھی انتظامی کام، خصوصاً شروع سال یا ایام امتحانات میں، مدرسین سے لینے ناگزیر ہوتے ہیں، ایسی صورت میں منتظمین کا فرض ہے کہ مدرس سے کام لینے میں حتی الامکان اس کے اسباق کا حرج نہ ہونے دیں، اسی طرح مہتمم یا منتظم کسی مشورہ وغیرہ کے لئے اساتذہ کو جمع کریں تو اسباق کے نقصان کا خاص طور پر خیال رکھیں اس لئے کہ اسباق کے نقصان کی تلافی درحقیقت نہیں ہوتی اور یہ تکمیل تعلیم کے لئے سخت مضر ہے، طلبہ پر بھی اس کا برا اثر پڑتا ہے۔

(د) بعض مدارس میں رسم ہے کہ جمعرات کے دن آخری گھنٹہ میں یا دوسرے وقت میں سبق نہیں ہوتے، حتیٰ کہ طلبہ بھی پہلے سے ہی سمجھ لیتے ہیں کہ آج تو جمعرات کا دن ہے۔ بعض طلبہ تو نہ صرف ان گھنٹوں میں بلکہ تمام اسباق میں ہی درس گاہ یا مدرسہ سے بغیر چھٹی لئے غائب ہو جاتے ہیں، گویا ہر ہفتہ ایک دن کے بجائے دو دن کی چھٹی ہو جاتی ہے۔ اس رسم بد کو سختی کے ساتھ مٹانا ازبس ضروری ہے۔ ہفتے میں پورے چھ دن اور ہر دن میں پورے چھ گھنٹے پابندی کے ساتھ اسباق ہونے چاہئیں تب ہی کتاب نصاب کے مطابق پوری ہو سکتی ہیں۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## ۱۷-تعطیلات

(وفاق سے ملحق ہر مدرسہ میں) درجہائے عربی میں از ۱۶ شعبان تا ۱۰ شوال تعطیل (کلاں) ہوگی اور (ماہ ذی الحجہ میں) ایک ہفتہ از ۷ ذی الحجہ تا ۱۳ ذی الحجہ تعطیل عید الاضحی ہوگی۔ البتہ موسمی حالت کے مطابق بعض مدارس کو خصوصی اجازت ہوگی کہ وہ تعطیل کلاں ان مہینوں کے علاوہ دوسرے مہینوں میں کرلیں۔

**توضیح:** (الف) تعطیلات کی اس تحدید کا مقصد بھی مدارس عربیہ کی تعطیلات کے باب میں توضیح، سہل انگاری کا سدباب کرنا ہے، گویا اصولاً اور مذہباً سال میں صرف دو تعطیلیں ہونی چاہئیں، ان کے علاوہ عاشورہ محرم یا ۱۲ ربیع الاول، اور ۲۷ رجب کی تعطیلات اسی طرح دوسرے عنوانات سے مختلف قسم کی مقامی یا سرکاری تعطیلات مدارس دینیہ میں نہ ہونی چاہئیں۔ یہی ہمارے اکابر واسلاف کا مسلک ہے۔ ہمیں دوسرے امور کی طرح تعطیلات کے باب میں غیروں کا مقلد نہ ہونا چاہیے۔

(ب) یہ تعطیلات مدارس وطلبہ کے لئے ہیں، مدرسہ کا دفتر ان ایام میں بھی کھلنا چاہیے، دفتر میں کام کرنے والوں کو متبادل طریق پر دوسرے دنوں میں سال میں ایک ماہ کی چھٹی یا اس کی تنخواہ ضرور دے دینی چاہیے۔

## ۱۸-رخصت برائے مدرسین

(رخصت) اتفاقیہ (سال میں) ۲۰ دن اور (رخصت) بیماری ایک ماہ اور فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے ڈیڑھ ماہ باتنخواہ دی جاسکے گی اس کے علاوہ رخصت بوضع تنخواہ دی جاسکتی ہے۔

**توضیح:** (الف) مدارس دینیہ کے مدرسین کو بجز بیماری کے حتی الامکان رخصت اتفاقیہ یا بوضع تنخواہ نہ لینی چاہیے کہ یہ دینی تعلیم ایک عبادت ہے، اس کو عبادت ہی سمجھ کر انجام دیں، مجبوری کے وقت بقدر ضرورت چھٹی لیں بھی تو نقصانِ تعلیم کا احساس اور اس کی تلافی کا عزم دل میں رہنا چاہیے۔ اس اتفاقی رخصت کو دوسرے تعلیمی یا غیر تعلیمی یا غیر تعلیمی اداروں کی طرح اپنا حق سمجھ کر بلاضرورت ہرگز نہ لیں کہ یہی احساسِ فرض کا دینی تقاضا ہے۔

(ب) منتظمین مدارس کا فرض ہے کہ اگر کوئی مدرس ایک ہفتے سے زیادہ کی رخصت اتفاقیہ یا بیماری لے تو اس کے اسباق کا انتظام ضرور کریں اور اس کی صورت یہ ہے کہ دوسرے مدرسین کے خالی گھنٹوں میں اس کے اسباق تقسیم کردیں، اگرچہ اس کے لئے عارضی طور پر نظام الاوقات میں تبدیلی کرنی پڑے، نیز ایک وقت میں چند اُستادوں کو رخصت اتفاقیہ نہ دیں کہ ان کے اسباق کا انتظام ناممکن ہوجائے۔

غرض ہفتے سے زیادہ کسی استاذ کے اسباق کا بند رہنا علاوہ نقصان تعلیم کے، طلبہ کے حق میں گوناں گو


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مفاسد کا باعث ہے، تجربہ اس کا شاہد ہے، اس لئے رخصت دینے سے پہلے اسباق کا انتظام ازبس ضروری ہے۔

## قواعد وضوابط وفاق برائے مدارس ابتدائیہ

**۱- اوقات تعلیم مدارس ابتدائیہ کے لئے تعلیم کا وقت ۴ گھنٹے صبح اور ۲ گھنٹے بعد نماز ظہر تا عصر کل ۶ گھنٹے یومیہ ہوگا۔**

**توضیح:** بچوں کو طہارت، وضو، اور نماز (اذان، اقامت اور جماعت وغیرہ) کے مسائل کو عموماً سکھانا ازبس ضروری ہے، اس لئے دوسرا وقت ضرور رکھا جائے تاکہ اساتذہ بچوں کو دو نمازیں اپنی نگرانی میں پڑھوا سکیں۔ اگر مخصوص حالات یا کسی مجبوری کی وجہ سے ایک ہی وقت رکھنا پڑے تو چھٹی نماز ظہر کے بعد کی جائے اور ظہر کی نماز اپنے سامنے ضرور پڑھوائی جائے۔

**۲- تعطیل کلاں (سالانہ): مدارس ابتدائیہ کی تعطیل کلاں (سالانہ) ۲۱ رمضان المبارک سے ۵ شوال تک ہوا کرے گی، ۶ شوال سے ہر مدرسہ کھل جائے گا۔**

**توضیح:** کم سن اور ناسمجھ بچوں کے لئے سب سے زیادہ مضرت رساں تعطیل اور بے کاری ہوتی ہے، ان کو تعلیمی مشاغل میں مصروف رکھنا تعلیم اور درس گاہ سے مانوس رکھنے کے لئے بے حد ضروری ہے، اسی لئے مدارس ابتدائیہ اور مکاتب میں تعطیل کلاں (سالانہ) صرف دس یوم، آخر عشرۂ رمضان اور پانچ یوم تعطیل عید الفطر کل پندرہ یوم رکھی گئی ہے۔ یہی تمام مدارس ابتدائیہ و مکاتب میں ہمیشہ سے معمول رہا ہے۔

**۳- تعطیلات: ہر جمعہ علاوہ ۷ ذی الحجہ سے ۱۳ ذی الحجہ تک (ایک ہفتہ) تعطیل عید الاضحیٰ ہوا کرے گی۔**

**توضیح:** اسلامی تہوار در حقیقت صرف دو ہیں، عید الفطر اور عید الاضحیٰ، اسی لئے تمام مدارس عربیہ میں ہمیشہ سے جمعہ کے علاوہ صرف ان دو تہواروں کی چھٹی ہوا کرتی ہے، اسی کو وفاق نے برقرار رکھا ہے۔

**۴- رخصت: درجات ابتدائیہ کے مدرسین ایک ماہ تک کی رخصت بلا وضع تنخواہ لے سکتے ہیں۔ اس سے زائد کی رخصت میں تنخواہ وضع ہوگی۔**

**تنبیہ:** ۱- مدارس ابتدائیہ و مکاتب دینیہ کے اساتذہ و مدرسین کے لئے نہایت اہم اور ضروری ہدایات اور طریقۂ تعلیم، نصابِ پنجسالہ مدارس ابتدائیہ کے ساتھ طبع اور شائع ہو چکی ہیں، ان کی پابندی جملہ مدرسین مدارس ابتدائیہ کے لئے ضروری ہے۔

۲- مدرسین و طلبہ مدارس ابتدائیہ کے لئے حاضری و امتحانات وغیرہ کے قواعد وضوابط وہی ہیں جو مدارس فوقانیہ و وسطانیہ کے لئے بیان کئے جا چکے ہیں، صرف داخلہ طلبہ کے لئے کوئی وقت اور زمانہ محدود و معین نہیں ہے۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# ضمیمہ نمبر ا(۲) فرائض

## ا-صدر مدرس کے فرائض:

(الف) مدرسہ میں حتی الامکان اور حسب استطاعت ہر علم وفن کے ممتاز اور ماہر فن اساتذہ جمع کر کے مدرسہ کو ہر حیثیت سے کامل اور جامع بنانا، نیز مدرسین کی علمی اہلیت، فطری ذوق، خصوصی مناسبت اور تجربہ ومزاولت کو سامنے رکھ کر ان کے لئے اسباق تجویز کرنا اور ان کی رفتارِ درس کی کیفاً وکماً نگرانی کرنا۔

(ب) جملہ تعلیم وانتظامی امور میں مشاورت کے لئے مجلس اساتذہ قائم کرنا اور باہمی مشورہ سے ان تمام امور کو طے کرنا۔ وفاق نے مدارس، مدرسین اور طلبہ کے جن تعلیمی نقائص وعیوب کی نشاندہی کی ہے، مختلف تدابیر کے ذریعہ ان کا ازالہ کرنا اور بے ضابطگیوں کا سدباب کرنا، ناظم تعلیمات کی رپورٹ پر مناسب اور ضروری احکامات نافذ کرنا۔

(ج) طلبہ کی عملی اور اخلاقی اصلاح کا فرض بطریق احسن انجام دینا۔

## ۲-ناظم تعلیمات کے فرائض:

ا-آغاز سال میں جدید طلبہ کے داخلے اور امتحان داخلہ وغیرہ کے تمام تر انتظامات اور ان کی نگرانی کرنا۔

۲-مجلس اساتذہ میں جدید وقدیم طلبہ کے نتائج امتحان پیش کر کے اسباق کی تجویز وتقسیم اور درجہ بندی کا انتظام کرنا۔

۳-اسباق صحیح وقت پر شروع کرا کے جملہ مدرسین اور طلبہ کی روزانہ حاضری اور نظم تعلیم کی نگرانی کرنا، کوتاہیوں کو نوٹ کر کے صدر مدرس یا مجلس اساتذۃ کے سامنے بغرض تدارک پیش کرنا اور ان کی تجاویز واحکامات کو اہتمام کے ساتھ نافذ کرنا۔

۴-اساتذہ سے طلبہ کے اوقات تکرار ومطالعہ مقرر کرا کے ان کی نگرانی کا انتظام کرنا اور اس سلسلے میں طلبہ کی کوتاہیوں کے تدارک کی تدابیر کرنا۔

۵-ہر مہینہ کے ختم پر ہر استاذ سے مقدارِ خواندگی درج کرانا اور جس مدرس یا کتاب کی رفتار سست ہو ارباب اختیار کو اس سے آگاہ کر کے اس کا تدارک کرانا۔

۶-تمام طلبہ ومدرسین کے تحریری کام کی نگرانی کرنا، طلبہ کی تحریر وتقریر کی انجمنیں بنانا اور ان کے کام کی نگرانی کا انتظام کرنا، ضرورت کے مطابق طلبہ کے مطالعہ کے لئے معاون کتب ورسائل وغیرہ کا انتظام کر کے دار المطالعہ قائم کرنا۔ اوقات مطالعہ مقرر کرنا اور ان اوقات میں مطالعہ کی نگرانی کرنا۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۷-اگر کوئی مدرس بیمار ہو یا طویل رخصت پر جائے تو حسبِ تجویز صدر مدرس مجلس اساتذہ سے اس کے اسباق کا انتظام کرنا۔

۸-وفاق کے مقرر کردہ جملہ قواعد کی پابندی کا اہتمام ونگرانی کرنا اور مدرسین وطلبہ کی بے ضابطگیوں کے تدارک کے لئے اربابِ اختیار کو متوجہ کرنا۔

۹-مجلس اساتذہ کی منظوری سے امتحانات سہ ماہی، ششماہی اور سالانہ کے انعقاد کا انتظام کرنا اور وقت پر نتائج شائع کرنا۔

**۳-ناظم دارالاقامہ کے فرائض:**

۱-دارالاقامہ کی گنجائش کے مطابق طلبہ کے لئے حجروں میں جگہ تجویز کرنا اور اس سلسلے میں ان کی معقول اور جائز شکایات وتکالیف کا بقدر امکان تدارک کرنا۔

۲-دارالاقامہ میں مقیم طلبہ کی صحیح تعداد کا باضابطہ اندراج کرنا اور روزانہ غیر معین وقت میں حاضری لینا۔

۳-طلبہ کے دارالاقامہ سے باہر آنے جانے اور ان سے ملنے کے لئے آنے والے دوست، احباب یا مہمانوں کی آمد ورفت اور پابندیٔ وقت کی نگرانی کرانا۔

۴-قواعد دارالاقامہ کی سختی سے پابندی کرانا اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف تادیبی کارروائی خود کرنا یا اربابِ اختیار سے کرانا۔

۵-طلبہ کے اخلاق واعمال، نشست وبرخاست، وضع قطع، لباس وشکل وصورت غرض جملہ رفتار وگفتار کی سختی سے نگرانی کرانا، کسی بھی بے ہودگی، بدتمیزی یا فحش حرکات کا ارتکاب کرنے والے طلبہ کو اول تذکیر وتنبیہ اور اس کے بعد زجر وعقوبت کرنا، شعائرِ دین اور صلاح وتقویٰ کے خلاف زندگی بسر کرنے والے طلبہ سے دارالاقامہ کو پاک رکھنا۔

۶-خصوصاً نماز باجماعت کی پابندی کی سختی کے ساتھ نگرانی کرنا اور بدون عذرِ شرعی ترک جماعت یا تساہل پر زجر وعقوبت کرنا اور سزا دینا۔

۷-طلبہ کو صفائی ستھرائی اور نظافت وطہارت کا پابند اور عادی بنانا، حجروں اور برآمدوں وغیرہ کو پاک وصاف اور حجروں میں سامان کو قرینہ سے رکھنے کی ترغیب دلانا، رہنے سہنے، اٹھنے بیٹھنے، بول چال وغیرہ میں اسلامی آداب اور تہذیب وشائستگی کا پابند بنانا۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# ضمیمہ نمبر۲

**ضروری ہدایات اور قواعد وضوابط برائے طلبہ مدارس ملحقہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان:**

۱- اساتذہ اور مہتمم مدرسہ کو ہر طالب علم کی تعلیم و تربیت کی نگرانی اور ضروری احکام وہدایات کی خلاف ورزی پر مواخذہ کا پورا حق حاصل ہوگا اور ان کے ہر لائق اطاعت حکم کی تعمیل ہر طالب علم کا فرض ہوگا۔

۲- جن کم سن طلبہ کی سکونت مدرسہ کے دارالاقامہ میں نہ ہو، ان کے سرپرست داخلہ کے وقت ان کے ہمراہ ضرور آئیں اور مدرسہ کے قواعد وضوابط اور اساتذہ کی ہدایات کو سمجھیں اور بچوں سے ان پر عمل کرائیں۔ خلاف ورزی پر سخت باز پرس کریں اور وقتاً فوقتاً مدرسہ میں آکر اساتذہ سے ان کے تعلیمی حالات ضرور معلوم کرتے رہیں۔

۳- تعطیلات کے ایام میں خاص طور پر بچوں کے اعمال واخلاق کی پوری نگرانی رکھیں اور بری صحبت سے بچیں۔

۴- نماز باجماعت کی پابندی ہر طالب علم کے لئے انتہائی ضروری ہے۔ ترک جماعت کے لئے کوئی غیر شرعی عذر مسموع نہ ہوگا۔

۵- ہر طالب علم کے لئے اخلاق واعمال، صورت وسیرت، وضع قطع اور لباس میں صلحاء امت کا اتباع ضروری ہے۔ سگریٹ پینا، انگریزی بال رکھنا، داڑھی منڈانا، یا خلاف شرع کتانا قطعاً ممنوع ہے۔ اپنے ساتھیوں یا ملازمین مدرسہ سے لڑنا جھگڑنا، بدکلامی یا بداخلاقی سے پیش آنا، ایک دوسرے کی چغلی، عیب جوئی، غیبت کرنا، مذاق اڑانا، بے ہودہ مذاق کرنا، بدترین عیوب ہیں، ان سے اجتناب کرنا ہر طالب علم کا فرض ہے۔

۶- اساتذہ مدرسہ سے عقیدت ومحبت، ان کی دل سے عزت واحترام، تحصیل علم اور استفادہ کی اولین شرط ہے، لہٰذا ہر طالب علم کا فرض ہے کہ وہ اساتذہ کا انتہائی احترام اور ان سے قلبی وابستگی پیدا کرے۔ اگرچہ وہ براہِ راست اس کے استاذ نہ ہوں۔

۷- ہر طالب علم کو اپنی شکایات اور ضروریات اساتذہ کے سامنے پیش کرنے چاہیئں، اگر کوئی ساتھی زیادتی کرے تو خود جواب نہ دے اور بدلہ نہ لے بلکہ اساتذہ کے سامنے پیش کرکے چارہ جوئی کرے۔

۸- سبق سے غیر حاضری ناقابل معافی جرم ہے۔ ایسی شدید ضرورت میں جو سبق قضا کئے بغیر نہ پوری کی جاسکے خود چھٹی کی درخواست مدرس اور دفتر کو دینا ضروری ہے۔ کسی کے ہاتھ درخواست بھیجنا ہرگز کافی نہ ہوگا۔ اسی طرح بیماری کی درخواست اس وقت منظور ہوگی جب سبق میں شرکت ناممکن یا زیادتی مرض کا موجب ہو۔

۹- دارالاقامہ میں مقیم طلبہ کے لئے مابین عصر ومغرب کے علاوہ کسی بھی وقت دارالاقامہ سے باہر جانے


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے لئے ناظم دارالاقامہ سے اجازت لینا ضروری ہے۔

۱۰- جو طلبہ سیر و تفریح میں، احباب کی ملاقاتوں میں، غیر ضروری مہمان نوازی میں اپنا وقت ضائع کریں گے تنبیہ کے بعد بھی اگر باز نہ آئے تو خارج کر دیئے جائیں گے۔

۱۱- جس طالب علم کا کوئی مہمان آئے اسے فوراً ناظم دارالاقامہ کو اطلاع دینی چاہیے۔ نیز اپنے احباب اور ملنے والوں کو بتادینا چاہیے کہ وہ صرف عصر و مغرب کے مابین یا جمعہ کے دن ملاقات کے لئے آیا کریں۔

۱۲- جو طالب علم مطالعہ و تکرار اور مشق تحریر و تقریر میں کوتاہی کرے گا تنبیہ کے بعد اگر باز نہ آسکے تو اس کو سزادی جائے گی۔

۱۳- جو طالب علم تعلیم کے ساتھ ساتھ کوئی دوسرا مشغلہ مثلاً امامت، مؤذنی وغیرہ کوئی بھی آمدنی کا ذریعہ اختیار کریں گے، وہ مدرسہ کی امداد اور دارالاقامہ کی سکونت کے مستحق نہ ہوں گے، اسباق میں شرکت کی اجازت دی جائے گی، لیکن اگر وہ اسباق میں غیر حاضری کریں گے یا امتحانات میں شرکت نہ کریں گے تو وہ مدرسہ کے طالب علم شمار نہ ہوں گے۔

۱۴- ہر طالب علم کو چاہیے کہ جمعہ کے دن غسل کرنے اور کپڑے بدلنے سے پہلے اپنے حجرہ اور برآمدہ کو صاف کرے۔ کوڑا یا بچا ہوا کھانا مقررہ جگہ کے علاوہ اور کہیں نہ پھینکے، درس گاہ، حجرہ اور برآمدہ کو خراب اور گندہ نہ کرے۔ ان کی دیواروں پر کچھ نہ لکھے، برتن یا کپڑے دھو کر جگہ کو صاف کر دے۔ اپنے حجرہ کی تمام چیزوں کو سلیقہ مندی اور قرینہ کے ساتھ رکھے۔ غرض صفائی، شائستگی، تہذیب واخلاق اور دین داری کا مثالی نمونہ پیش کرے۔

۱۵- چونکہ مدرسہ طلبہ کی تمام تر ضروریات کی کفالت کرتا ہے اس لئے طلبہ کا فرض ہے کہ وہ اپنا تمام تر وقت یکسوئی کے ساتھ تحصیل علم میں صرف کریں اور اپنی حوائج وضروریات کو پورا کرنے کے لئے اور ذرائع کی جستجو نہ کریں، نہ مدرسہ کی اجازت کے بغیر کسی بھی دعوت میں جائیں۔

۱۶- مابین عصر و مغرب کے علاوہ بقیہ تمام اوقات میں خصوصاً رات میں دارالاقامہ یا درس گاہوں میں موجود ہونا ضروری ہے۔ اگر کسی وقت بھی دارالاقامہ کی حاضری لی گئی اور کوئی طالب علم موجود نہ ہوا تو وہ سخت سزا کا مستحق ہوگا۔

☆☆......☆☆


© rasailojaraid.com